(1)

بخدمت جناب سیکرٹری الیکشن کمیشن آف پاکستان اسلام آباد

336

عبدالغفار

اعتراضات/Representation بابت جدید حلقہ بندی(De-limitation) حلقہ PP 220 ملتان۔

جناب عالی! سائل حسب ذیل عرض پرداز ہے۔

1۔ یہ کہ من سائل پٹوار سرکل مخدوم پور کا رہائشی اور سکونتی ہے اور من سائل کی تمام برادری اسی پٹواو سرکل میں عرصہ دراز سے رہائش پذیر ہے۔ اور اپنا کاروبار کررہے ہیں۔ من سائل عرصہ دراز سے موجودہ حلقہ PP 220 سابقہ حلقہ PP 203 میں شامل ہے مگر موجودہ حلقہ بندی کے تحت من سائل کے پٹوار سرکل کو موجودہ حلقہ PP 219 میں شامل کردیا گیا ہے اور من سائل کا حلقہ موجودہ حلقہ PP 219 کے اختتام پر شامل ہے۔ جس سے ایک سرے سے دوسرے سرے کا فاصلہ 25 سے 30 کلومیٹر سے زائد بنتا ہے جب کہ حلقہ PP 220 کے درمیان میں من سائل آباد ہے۔ اور اسطرح من سائل کے پولنگ اسٹیشن بھی من سائل کے گھر سے دور ہوجائیں گے۔

2۔ یہ کہ من سائل جغرافیائی اور ثقافتی طور پر اپنے عزیز داروں سے الگ ہوجائے گا اور سائل کی مشکلات میں اضافہ ہوجائے گا۔

3۔ یہ کہ موجودہ حلقہ PP 220 کی نئی حلقہ بندی کے مطابق من سائل کے انتخابی حلقہ سے پٹوار سرکل (I) گوپال پور (II) کوٹلہ رحم علی (III) بلی والا کو شامل کردیا گیا جو کہ کسی طور بھی من سائل کے حلقہ میں Compact Block کی تعریف میں نہ آتے ہیں اور جغرافیائی طور پر بھی ان تین پٹوار سرکل کا کوئی بھی تعلق صوبائی حلقہ PP 220 سے نہ رہا ہے یہ تینوں پٹوار سرکل سابقہ حلقہ بندی حلقہ PP 202 اور موجودہ PP 219 کا حصہ رہے ہیں اور ان تینوں پٹوار سرکل کی کل آبادی 37884 بنتی ہے۔

4۔ یہ کہ سائل کے موجودہ صوبائی حلقہ PP 220 سے جو پٹوار سرکل نئی حلقہ بندی کے تحت نکالے گئے ہیں۔ ان میں پٹوار سرکل (I) جہان پور (ii) مبارک پور (iii) مخدوم پور ہیں۔ جن کی کل آبادی 36453 بنتی ہے۔ یہ تینوں پٹوار سرکل جغرافیائی اور ثقافتی طور پر موجودہ حلقہ PP 220 کا حصہ رہے ہیں۔ اور اس کے علاوہ سب سے اہم بات یہ ہے کہ اگر نقشہ کی مدد سے دیکھا جاوئے تو پٹوار سرکل جہان پور تینوں اطراف سے من سائل کے موجودہ حلقہ PP 220 میں گھری ہوئی ہے۔ اس طرح مبارک پور اور مخدوم

(3)

پور پٹوار سرکل کی بھی یہی صورت حال ہے۔

5۔ یہ کہ اگر ان تینوں پٹوار سرکل کو موجودہ حلقہ 220 PP میں شامل کیا جائے تو یہ Compact Block بنتا ہے۔

6۔ یہ کہ اگر نقشہ کا بغور مطالعہ کیا جاوئے تو یہ بات بھی بالکل واضح طور پر عیاں ہیں ایک لکیر کی شکل کی طرح 16 سے 17 کلومیٹر لمبی پٹی من سائل کے موجودہ حلقہ 220 PP میں شامل کر دی گئی ہے۔ جو کہ کسی طور بھی قانون کے مطابق نہ ہے۔

7۔ یہ کہ اگر تین پٹوار سرکل گوپال پور، کوٹلہ رحم علی، اور بلی والا کو موجودہ حلقہ 220 PP سے نکال دیا جائے اور حلقہ 219 PP سے شامل کر دیا جائے اور حلقہ 219 PP سے پٹوار سرکل جہان پور مبارک پور، مخدوم پور کو نکال کر حلقہ 220 PP شامل کر دیا جائے تو دونوں صوبائی حلقہ جات کی آبادی پر بھی کوئی فرق نہیں پڑے گا اور دونوں حلقہ جات بمطابق قانون Compact Block کی صورت اختیار کر لیں گے اور اس سے کسی بھی Administrative یونٹ یا باؤنڈری کو فرق نہ پڑیگا اور بمطابق قانون الیکشن ایکٹ 2017 کے سیکشن 20 جو کہ De-limitation کے اصول بیان کیئے گئے ہیں ان کی مکمل پاسداری بھی ہو جاوئے۔

نوٹ:۔ بابت رہنمائی نقشہ جات لف اعتراضات ہیں۔

اندریں حالات بالا نہایت ادب سے استدعا ہے کہ اعتراضات/Representation کو منظور فرماتے ہوئے پٹوار سرکل جہان پور آبادی 19135 پٹوار سرکل مبارک پور آبادی 11760 اور پٹوار سرکل مخدوم پور 5558 کل آبادی 36453 کو صوبائی حلقہ 219 PP نکال کر صوبائی حلقہ 220 PP میں شامل فرمایا جاوئے اوران کی جگہ پٹوار سرکل گوپال پور آبادی 6820، پٹوار سرکل کوٹلہ رحم علی آبادی 15532، پٹوار سرکل بلی والا 15532 ٹوٹل آبادی 37884 کو صوبائی حلقہ 220 PP سے نکال کر صوبائی حلقہ PP 219 میں شامل فرمائے جانے کا حکم صادر فرمایا جاوئے جو کہ قرین انصاف اور بمطابق قانون ہے۔

عرضے

عبدالغفار ولد سوندے خان سکنہ پٹوار سرکل مخدوم پور تحصیل ملتان صدر ضلع ملتان۔

شناختی کارڈ نمبر:۔ **36303-0961498-1** بذریعہ کونسل:۔

عبدالغفار

فیض الرحمن ایڈووکیٹ ہائی کورٹ

راؤ نوید مسعود ایڈووکیٹ ہائیکورٹ 55 عزیز بلاک ضلع کچہری ملتان

48 عزیز بلاک ضلع کچہری ملتان

30/03/2018